نوکیتن پکچرز کا بہترین شاہکار

نو دو گیارہ

اداکاران

دیوانند۔ کلپنا کارتک وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

مختصر قصہ کہانی کہا گیا ہے کہ بُرے آدمی میں بھی اچھائی کے کچھ ایسے جوہر چھپے پڑے رہتے ہیں جو موقع پاتے ہی چمک اٹھتے [illegible] گل جو اپنے دوستوں میں ہیرو کے نام سے مشہور تھا۔ کوئی بُرا آدمی نہیں تھا۔ [illegible] وہ کوئی زیادہ اچھا آدمی بھی نہیں تھا۔ اصل میں وہ ایک معمولی آدمی تھا۔ [illegible] ٹیکسی ڈرائیور۔ اچھائی بُرائی کا سوال جس کے سامنے کبھی پیدا ہی نہیں ہوا تھا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

ٹیکسی ڈرائیور کے گانے

نمبر ۱

دِل سے مِلا کے دِل پیار کیجیے
کوئی سہانا اقرار کیجیے
شرمانا کیسا گھبرانا کیسا
جینے سے پہلے مر جانا کیسا
آنچلوں کی چھاؤں میں رَس بھری فضاؤں میں
اس زندگی کو گلزار کیجیے ... دِل سے .....
آتی بہاریں جاتی بہاریں، کب سے کھڑی ہیں، بانہیں پھیلا کر
چھا رہی ہے بے خودی کہہ رہی ہے زندگی
جی کی اُمنگیں بیدار کیجیے ... دِل سے .....
دِل سے بھلا کے رسوائیوں کو
جنت بنائے تنہائیوں کو
آرزو جوان ہے وقت مہربان ہے
دِل سونہ جائے ہوشیار کیجیے ... دِل سے ...

نمبر ۲

آنسو بنے ادب
جھلموں ہی نخت

دیکھو مانے نہیں روٹھی حسینہ نہ جانے کیا بات ہے
آئے صاحب کے منہ پہ پسینہ نہ جانے کیا بات ہے
پوچھو کس کارن ہوئی یہ لڑائی
اسکا بالم ہوگا ہرجائی
او ہو ذرا رک جائیں سن لیں صفائی
کہتی ہے گوری ہم باز آئی ..... مانے نہیں .....
کوئی کوئی اترتا ہے دل سے کسی کے
آیا ہوگا رات کو پی کے
ایسے کیسے بیتیں گے دن زندگی کے
آہیں بھر کر آنسو پی کے ..... مانے نہیں .....
دیکھو بے چارا ساجن روتا ہے
اب پچھتاتا ہے کیا ہوتا ہے
ملے دل دل سے تو کیا کھوتا ہے
دل ملنا مشکل ہوتا ہے ..... مانے نہیں .....

نمبر ۳

آنسو بنے

جینے دو اور جیو ۔ چڑھتی جوانی کے دن ہیں
پھر ایسا سماں ملے گا کہاں
یہی زندگی کے دن ہیں
مرنا تو سب کو ہے جی کے بھی دیکھ لے
چاہت کا ایک جام پی کے بھی دیکھ لے
یہ ہوا یہ فضا کہتی ہے دھوم مچا لے
کوئی بھول چین کوئی خواب بن

دل کا مقدر جگا دے ... مرنا تو ...

جینے کی زندگی ہے اک رسیلا ترانہ

نہ لا دل میں غم او میرے صنم

ہے یہ خوشی کا زمانہ ... مرنا تو ...

سب

دل جلے تو جلے تم چلے تو چلے

ہنسی کی بنسی گا کے جاؤ جینے والے

اک ستار آپ بجا کے جگ کی نہ سن

پیار کی دھن جھوم کے گا لے ... دل ...

او جانے والے یہ کلیاں یہ تارے

جب ہیں بکھر تک کے ادھر کہتے ہیں سارے ... دل ...

آ جینے والے پھر حسین ترانے

پھر سے بار اب ملنا ہے کب کوئی نہ جانے ... دل ...

بشیر

چاہے کوئی خوش ہو چاہے گالیاں ہزار دے

مست رام بن کے زندگی کے دن گزار دے

کہ دھاندلی کروں تو مجھ کو جیل بھیج دو

تو کہتے ہیں کیا ہے یہ جواب تھانیدار دے

بھاؤ اگر بڑھا کوئی ڈالے بیٹھا تو غم نہ کر

کھائے جا مزے کے ساتھ جب تلک ادھار دے

لوٹ کر جو کھائے اس پہ اپنے جان و دل لٹا

جو چاہے مال اس کو جو تیزی کا بار دے ... چاہے

ٹیکسی ڈرائیور

نمبر ۶

لتا منگیشکر

جائیں تو جائیں کہاں
سمجھے گا کون یہاں درد بھرے دل کی زباں

او جانے والے دامن چھڑا کے
مشکل ہے جینا تجھ کو بھلا کے
اس سے تو ہے موت آساں ... جائیں...

سینے میں شعلے سانسوں میں آہیں
اس زندگی سے کیسے نبھائیں
ہر جذبا ہے ویراں ... جائیں

نمبر ۷

طلعت محمود

جائیں تو جائیں کہاں
سمجھے گا کون یہاں درد بھرے دل کی زباں

مایوسیوں کا مجمع ہے جی میں
روح میں غم دل میں دھواں ... جائیں

انکا بھی غم ہے اپنا بھی غم ہے
اب دل کے بچنے کی امید کم ہے
اک کشتی سو طوفاں ... جائیں...

نمبر ۸

اے میری زندگی - آج رات جھوم لے آسماں کو چوم لے
کس کو پتہ ہے کل آئے کے نہ آئے ... اے میری...

آج ہے دنیا تیری جھوم لے او متوالے
یہ انمول زمانے پھر نہیں آنے والے

دیکھ یہ رُت کہیں بیت نہ جائے ... اے میری .....

پل پل کٹتی جائے سانس کی نازک ڈوری
جلتے کنول بجھائے موت کی سینہ زوری
اگلے ہی پل جانے کیا ہو جائے ... اے میری ...

آج بھٹر ہی نہ جائے ڈھلتی رات کے سائے
کل کس نے دیکھا ہے آئے نہ آئے
آئے بھی تو جانے ہمیں پائے کے نہ پائے ... اے میری ...

ختم شد

اصلی پُرانا اندر جال عُرف اُستاد جادوگراں

اگر آج تک آپ کو اصلی پُرانے چھاپے کی اندر جال کی کتاب نہیں ملی ہے تو اب ہمارے یہاں سے اصلی اور پُرانے چھاپے کی کتاب منگائیں جس میں تجربت کیلئے عمل محبوب بیقرار ہو حاکم مہربان ہو دفینہ ہاتھ آجائے گا۔ بچہ ہر آفت اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ دماغ روشن ہو جائیگا۔ گم شدہ کی تلاش پردیس گئے ہوئے کو واپس بُلانے کیلئے۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ کھیت میں غلہ زیادہ ہوگا۔ عزت نصیب ہوگی۔ بھوت پریت بھاگ جائیگا۔ دشمن خراب ہوگا۔ دشمن کی زبان بند ہو جائیگی۔ دولت مل جائیگی۔ بغیر چراغ کے روشنی کرنا۔ اندھیرے میں پڑھنا۔ چراغ ہوا سے نہ بجھے۔ پانی میں نہ ڈوبنا وغیرہ وغیرہ۔

قیمت صرف -/3 محصول ڈاک معاف

زین ابند کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دوکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے حقہ تمباکو۔ بیڑی سگرٹ۔ سگار۔ سنرتی۔ زردہ۔ نسوار۔ مصالحہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔

قیمت صرف ۱/۱ محصولڈاک معاف

الو تنتر عرف گنجینہ طلسمات

ناظرین فن جادوگری کی یہ وہ نایاب کتاب ہے جس کیلئے مدت سے دنیا ترس رہی ہے۔ روئے زمین کا ہر فرد بشر ہندو مسلمان سکھ عیسائی اسکا بخوبی واقف ہے کہ پرندہ الو جس پر تمام دنیا فریفتہ ہے جسکے اجزا میں بڑی بھاری عجیب و غریب حیرت انگیز کام نکلوائے جا سکتے ہیں۔ الو تنتر کو عام بازاری کتابوں میں شمار کرنا سراسر ظلم ہوگا۔

قیمت صرف ۳/۱ محصولڈاک معاف

سہاگ رات

جسکا مطالعہ شادی کی پہلی رات کا لطف دیگا۔ اپنی رفیقہ حیات کے ساتھ رات کی تنہائی میں پڑھیے اور زندگی کو پر کیف بنا لیجئے۔

قیمت صرف ۴/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

ٹیلر ماسٹر بن جاؤ

آجکل معمولی درزی کا کام جاننے والا بھی پندرہ بیس روپیے روزانہ کما لیتا ہے۔ ہماری کتاب کٹائی سلائی سکشا کی مدد سے تو آپ ہر طرح کے نئے فیشنوں کے زنانہ مردانہ اور بچوں کے کپڑے کاٹ اور سی کر پورے ٹیلر ماسٹر بن سکتے ہیں۔ اس کتاب کی مدد سے کوٹ۔ پتلون قمیص شلوار۔ پاجامہ غرارہ۔ بلاؤز۔ جمپر۔ بش شرٹ وغیرہ وغیرہ غرضیکہ زمانہ حال کے ہر طرح کے کپڑوں کی کٹائی اور سلائی کا پورا پورا بیان تصویروں سے سمجھایا گیا ہے۔ اس کتاب میں ۱۶۸ صفحے ہیں اور تقریباً ایک صد تصویریں ہیں۔ جن کی مدد سے ایک معمولی پڑھی لکھی عورت و مرد ایک کامیاب ٹیلر ماسٹر بن سکتے ہیں۔

قیمت صرف ‎3/1.-‎ محصول ڈاک معاف

نیو فیشن بک

نئے نئے فیشنوں کے زنانہ مردانہ بے شمار ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ گاہک کو ڈیزائن دکھانے کیلئے بہترین البم ہیں۔ ہر درزی کے پاس ہونا ضروری ہے قیمت صرف ‎8/1.-‎ محصول ڈاک معاف

بوٹ پالش سازی

ہماری اس کتاب میں بوٹ پالش سے متعلقہ تمام باتیں لکھی گئی ہیں۔ بوٹ کریم بلینکو کینوس پالش بنانے کے سب نسخے شامل کئے گئے ہیں۔ بوٹ پالش کے تیار کرنے میں جن چیزوں کی ضرورت ہے سب کا پورا حال درج ہے۔ قیمت ‎3/4/‎ محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی